اکائی

اردو کی اہم غیر افسانوی اصناف کا تعارف

اکائی کے اہم اجزا :

اغراض و مقاصد

تمہید

نثر کی تعریف اور اہمیت

انشائیے کی تعریف

اردو میں انشائیہ نگاری کا آغاز اور ارتقا

مضمون کی تعریف - فنی خصوصیات اور اقسام

اردو میں مضمون نگاری کی روایت

خاکہ کی تعریف اور فنی خصوصیات

اردو میں خاکہ نگاری کا آغاز اور ارتقا

خط کی تعریف اور خصوصیات

اردو میں خطوط نگاری کی مختصر تاریخ

اکائی کا خلاصہ

نمونے کے امتحانی سوالات

فرہنگ

سفارش کردہ کتابیں

اغراض و مقاصد

اس اکائی کو پڑھنے کے بعد طلبہ سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ:

- ☆ غیر افسانوی نثر کی مختلف اصناف کی تعریف کر سکیں۔
- ☆ غیر افسانوی نثر کی خصوصیات اور اقسام بیان کر سکیں۔
- ☆ اردو میں ان اصناف کی روایت کا جائزہ لے سکیں۔

تمہید

شاعری کی طرح نثر کو بھی مختلف اصناف میں تقسیم کیا جاتا ہے۔نثری اصناف کے دو زمرے ہیں (۱) افسانوی نثر کی اصناف (۲) غیر افسانوی نثر۔غیر افسانوی نثر کی چند اہم اصناف یہ ہیں (۱) انشائیہ (۲) مضمون (۳) خاکہ (۴) خطوط۔

اس اکائی میں غیر افسانوی اصناف کی تفصیل پیش کی جائے گی اور ہر صنف کی روایت کا جائزہ لیا جائے گا۔